HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

## مستقبل کی آزادانہ منصوبہ بندی

ایک منصوبہ جو آپ کو مالی آزادی اور تحفظ فراہم کرتا ہے۔



# ای ایف یو لیڈیز تکافل اینڈ انوسٹمنٹ پلان

(لیڈیز سیونگز پلان)

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹری بیوشن میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی
فنڈ ایکسلریشن کنٹر بیوشن کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لیے مختص ہو گا

## سم کورڈ:

سم کورڈ کا تعین سالانہ کنٹری بیوشن اور پروٹیکشن ملٹپل کے مطابق کیا جاتا ہے جو کہ دیے گئے نقشے سے منتخب کی جاسکتی ہے:

| عمر | کور ملٹپل |
| --- | --- |
| 18 سے 35 سال | 5 سے 90 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 70 |
| 41 سے 45 سال | 5 سے 50 |
| 46 سے 49 سال | 5 سے 35 |
| 50 سے 55 سال | 5 سے (70 – عمر) |

## فنڈ ایکسلریشن کنٹر بیوشن (ایف اے سی):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو پلان ان رقوم کو پلان میں شامل کرنے کی اور بچتوں میں تیزی فراہم کرنے کی لچک پیش کرتا ہے۔ اس یکمشت رقم کو فنڈ ایکسلریشن کنٹر بیوشن کہتے ہیں اور اس کو دورانِ مدت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جاسکتا ہے۔ کم از کم ایف اے سی 24,000 روپے ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

دو سال کے مکمل کنٹر بیوسنز ادا کر دئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کرے گا۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو اپنے فنڈ کی کل نقد قدر ادا کی جائے گی۔ البتہ، رکنیت کے ابتدائی سالوں میں نقد قدر کم ہونے کا نتیجہ ہوسکتی ہے۔ جزوی دستبرداری فنڈ میں 20,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔ اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کر دیا جائے گا اور پلان کو ختم کر دیا جائے گا۔

## انڈیکسیشن:

یہ اختیار آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ فراہم کرتا ہے یہ جان کر کہ آپ کے پلان سے دستیاب فوائد کی خود کار طور پر قطع نظر آپ کی صحت کے ہر سال افراط زر کے مطابق تجدید ہو جائے گی۔

ایک بار جب آپ یہ اختیار منتخب کرتے ہیں تو اس انتخاب کی صورت میں آپ کا کنٹری بیوشن ہر سال پچھلے سال کے کنٹری بیوشن کے 5 فیصد کے حساب سے بڑھے گا۔

اسی طرح اصل پلان کا سم کور بھی، اور اضافی رائڈرز اگر کوئی ہوں تو وہ شرائط سے مشروط اسی تناسب سے بڑھ جائیں گے۔

البتہ آپ کے سم کور کو بڑھائے بغیر صرف کنٹری بیوشن بڑھانے کا اختیار منتخب کر سکتے ہیں۔ سم کور پر انڈیکسیشن کی شرح کے مطابق اضافے کا آپشن آپ 55 سال کی عمر تک حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ ابتدائی طور پر طے کردہ شرائط کے مطابق قبول کئے گئے ہوں۔

## عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:

### قابل اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟

شریک تکافل کی عمر 18 سے 55 کے درمیان ہونی چاہیے۔ البتہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 65 سال سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ تکافل کی مدت 10 سے 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہوسکتی ہے۔ جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 65 سا کی عمر سے مشروط ہے۔

### کم از کم کنٹری بیوشن کی حدود کیا ہے؟

شرکاء کے لئے کم از کم کنٹری بیوشن 24,000 روپے سالانہ ہے۔ تاہم کنٹری بیوشن سالانہ، ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ موڈ کے اختیارات کے سات ادا کیا جاسکتا ہے

## اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

وکالۃ الاستثمار کے اصول کی بنیاد پر، بنیادی تکافل پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
| --- | --- |
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 135 روپے ماہانہ |
| بڈ/ آفر (بولی/ پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دیئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج | دو سال کے مکمل کنٹر بیوشن ادا کر دیئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

## تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن):

شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔
البتہ جب کیش ویلیو سم کورڈ (زر تحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔

- **وقف فنڈ سے وکالہ خرچ:**

تکافل عطیے کا 40 فیصد

## کلیم:

خ

کسی بھی غیر متوقع واقعے کے صورت میں، آپ اپنے کلیم کی اطلاع کسی بھی حبیب میٹروپولیٹن بینک کی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس جا کر یا ملک میں ہماری کسی بھی شا اطلاعی میں جا کر دے سکتے ہیں۔ کلیم پر فوری عمل درآمد کے لئے، آپ ہمارے کال سینٹر 436-338-111-021 پر فون کر کے رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر جا کر فارم بھر سکتے ہیں اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ سے اگلے اقدامات کے لئے رابطہ کیا جائے گا۔

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈر رائٹ کی ہے۔ یہ پروڈکٹ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس کی ذیلی کمپنی کی نہیں ہے اور نہ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس کا ضامن ہے۔ ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی اس سے وابستہ تمام امور کا ذمہ دار ہوگا۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے محض ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے۔
- تکافل میمبر شپ سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلیئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہونگے۔
- ہمارا نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک شخصی مثال فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی اس مثال میں دئے گئے تمام شرائط وضوابط کو پڑھیں اور سمجھیں کیونکہ ان کی مکمل آگاہی انتہائی ضروری ہے۔
- سروس چارجز اور ٹیکسیز بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔
  فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہر حال میمبر شپ کے حامل کو برداشت کرنے ہونگے۔
- معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شریک تکافل رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔ پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے
- اگر آپ کو اپنی تکافل میمبر شپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹرو بینک کی برانچ میں جاسکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے EFU-HEM-111-(021 0) (111-338-436) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔


ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ،
فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، پاکستان
فون: (111-338-436) 111-EFU-HEM (021)
فیکس: 7519 3453 (021)

خواتین معاشرے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں اور ایک خاندان کے سسٹم کو بنانے میں ایک مضبوط بنیاد رکھتی ہیں۔ چنانچہ خواتین کی مالی بہتری آج کل کے معاشرے میں ضروری ہے جہاں ہر گھر میں مالی بے یقینیاں جنم لے رہی ہیں۔ مالی منصوبہ بندی ایک روڈ میپ فراہم کرتی ہے جو کسی فرد کو اسکے اہداف کے حصول میں مدد کرتی ہے۔ کیونکہ خواتین اپنی طویل المدت مالی ضروریات کے بارے میں فکر مند رہتی ہیں، اس لئے ان کو ایک ایسا پلان درکار ہے جو ان کی روزمرہ کی مالیات ضروریات کا انتظام کرنے یا کسی بھی ان دیکھی صورت حال کا سامنا کرنے کے لئے فنڈز جمع کرنے میں اور آنے والے وقتوں میں تحفظ کی فراہمی میں مدد کرے۔

یہی وجہ ہے کہ ای ایف یولائف–ونڈو تکافل آپریشنز پیش کرتا ہے ای ایف لیڈیز تکافل اینڈ انویسٹمنٹ پلان، جو کہ تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے اور باقاعدہ کنٹریبوشن اور شرعی پلان ہے جو خواتین کے معاشی کردار پر توجہ مرکوز کرتا ہے

اس کے علاوہ پلان میں ایک منفرد خواتین کے لئے تکافل فیمیل لائف کیئر فائدے کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جو کہ شدید بیماری کے تحفظ کا فائدہ ہے جو اسکی تحفظ شدہ خواتین کے مخصوص کینسر یا خواتین کی مخصوص بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

ای ایف یو لیڈیز تکافل اینڈ انوسٹمنٹ پلان پر ای ایف یولائف–ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ نے، جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے معروف اسکالر ہیں اور اسلامی مالیات اور تکافل کا ایک وسیع تجربہ رکھتے ہیں، نظر ثانی کی ہے اور اس کی منظوری دی ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے۔**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):

**اگر آپ میمبرشپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یولائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی۔**

## بڑھوتری اور نشو و نما کے مواقع:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

### ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ

**فنڈ کی قسم:** متوازن
**رسک پروفائل:** درمیانی

یہ یونٹ سے منسلک ایک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی متنوّع اسکیموں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

### ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*:

**فنڈ کی قسم:** انکم فنڈ
**رسک پروفائل:** کم

ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعہ کمپلائنٹ حکومتی سیکورٹی، غیر ا یکوٹی، شریعہ کمپلائنٹ میوچل فنڈ، شریعہ کمپلائنٹ قلیل المدت ڈپازٹ اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کے اسلامک ونڈوز میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک، پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

### ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ:

**فنڈ کی قسم:** ایگریسو
**رسک پروفائل:** زیادہ

یہ یونٹ سے منسلک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹی پل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔


***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرین شریعت کی زیرنگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپکو اور آپ کے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں ہر مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹ کے ذریعے باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یولائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیر انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تا کہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شرکاء تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ شرکاء تکافل فنڈ میں تبرّع (عطیہ) کے حصہ ڈال کر ممکنہ سرپلس کی تقسیم میں حصے دار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یولائف ونڈو تکافل آپریشنز اپنے شریعہ ایڈوائزر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظور کردہ طریقہ کار کے مطابق پی ٹی ایف میں سرپلس کا تعین کرے گا۔

## سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟

پی ٹی ایف کے سرپلس کا ایک حصہ شریک تکافل سرمایہ کاری اکائنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹس کی تخصیص کے ذریعے شریک میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ یہ اضافی بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی مالیت میں نمایاں اضافہ کریں گے۔

## وقف ڈونیشن:

وقف ڈونیشن جو تکافل تحفظ اور شریک تکافل کی عمر پر منحصر ہوتا ہے، بنیادی پلان کنٹریبوشن سے (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گا۔

## فوائد:

**ڈیتھ بینیفٹ:** تکافل کی مدت کے دوران شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں مندرجہ ذیل تکافل فائدہ ادا کیا جائے گا:

- پلان کا سم کوورڈ یا بنیادی کنٹریبوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو)

**پلس**

- فنڈ ایکسلریشن کنٹریبوشنز کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبرشپ کی مدت کے اختتام تک اگر شریک تکافل حیات ہو تو میچورٹی فائدہ مندرجہ ذیل ہوگا:

- بنیادی پلان کے کنٹریبوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو

**پلس**

- پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی ائی ایف) میں سے فنڈ ایکسلریشن کنٹریبوشنز کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

## ایکسٹینڈڈ ٹرم تکافل:

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو شریک تکافل کو اختیار دیتا ہے کہ وہ طے شدہ تکافل کی اضافی مدت کے لئے کنٹریبوشن ادا کرے اور بقیہ میمبرشپ کی مدت کے لئے کنٹریبوشن روک دے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے جب شریک تکافل میمبرشپ کنٹریبوشن ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ تکافل کی مدت میں اضافے کا اختیار دس میمبرشپ سالوں کی کنٹریبوشن کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہو) تو منسوخ ہو جائینگے اگر تکافل کی مدت میں اضافے کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔

## بلٹ ان تکافل فیمیل لائف کیئر بینیفٹ:

فیمیل لائف کیئر بینیفٹ آپ کو خواتین سے متعلق کسی بھی تحفظ شدہ تشویش ناک بیماری کے پیدا ہونے کی صورت میں (مشمول خواتین سے مخصوص سرطان) ایک یک مشت رقم فراہم کرتا ہے۔ ایسی کسی کورڈ بیماری کی تشخیص پر، شریک تکافل منسلکہ تجدید اور اصل پلان کی میمبر شپ کے شرائط وضوابط سے مشروط ایک اضافی فائدے کا اہل ہوگا۔

یہ تحفظ نسوانی عضو کے سرطان کے لئے فراہم کیا جاتا ہے جیسے کہ چھاتی، رحم، رحم کی گردن، بیضہ دانی، بیضہ نالی، اندام نہانی۔ اسکے علاوہ شدید نوعیت کا ہڈیوں کا بھرا ہو جانا اور گھٹیا کی سوزش بھی تحفظ میں شامل ہیں۔

## اختیاری فوائد:

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مختلف اختیاری فوائد آپ کو حاصل ہو سکتے ہیں جو آپ کے تحفظ کے درجے کو بڑھانے کے لئے بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کئے جاسکتے ہیں۔

**تکافل حادثاتی ڈیتھ بینیفٹ:***

اگر وفات کسی حادثے کے باعث پیش آتی ہے تو یہ فائدہ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**تکافل حادثاتی ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ:***

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**تکافل حادثاتی ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس:***

حادثاتی وفات یا (مستقل اور مکمل) معذوری کی صورت میں جو آپ کو مستقل طور پر معذور کر دے یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یہ رائڈر بنیادی پلان کے سم کورڈ کا 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**تکافل فیملی انکم بینیفٹ:**

یہ فائد ممبرشپ کی مدت کے دوران پارٹیسپنٹ کی اچانک وفات کی صورت میں یہ پلان اہل خانہ کو ایک ماہانہ آمدنی کی ادائیگی یقینی بناتا ہے۔

**پلگریج بینیفٹ:**

پلان کی مدت کے دوران، اگر پارٹیسپنٹ مذہبی ارکان کی ادائیگی کے لئے سفر کرتا ہے، ای ایف یولائف حج، عمرہ یا زیارت مذہبی سفر وغیرہ کے فرائض کی انجام دہی کے دوران حادثاتی وفات پر تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس حادثاتی فائدے کے تحت ملنے والا فائدہ اصل پلان کے سم کور کا 100 فیصد ہوگا، جو کہ زیادہ سے زیادہ 10 لاکھ روپے کی حد سے مشروط ہے۔ اس فیچر کا میچورٹی کی تاریخ سے یا مکمل دستبرداری کی تاریخ سے 13 مہینے کے اضافی دورانئے کے لئے اطلاق ہوگا۔

**تکافل ریٹرن آف کنٹریبوشن بینیفٹ:**

کنٹریبوشن کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یولائف کے صارفین کو پیش کیا جارہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں، پارٹیسپنٹ کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ کنٹریبوشن کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے کنٹریبوشن کو نکال کر ادا شدہ کنٹریبوشن کی کُل رقم حاصل کر سکے گا۔

**ویور آف کنٹریبوشن:**

کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں اگر شریک تکافل کی آمدنی کا ذریعہ نہ رہے تو پلان کا زرتکافل ای ایف یولائف کے زیرانتظام چلنے والے وقف فنڈ/ پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

***ایک وقت میں تین تکافل حادثاتی بینیفٹ میں سے ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔**

## یونٹ ایلوکیشن:

ای ایف یولائف فنڈز کے یونٹس کی خریداری کے لئے کنٹریبوشنز درج ذیل فیصد کے اعتبار سے مختص کئے جاتے ہیں:

| میمبرشپ سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی فیس* |
|---|---|---|
| 1 | 60فیصد | 40فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20فیصد |
| 3 | 90فیصد | 10فیصد |
| 4 سے 5 | 100فیصد | 0 فیصد |
| 6 سے 10 | 103فیصد | 0 فیصد |
| 11 سے 25 | 105فیصد | 0 فیصد |